PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad

Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368


# مارچ تا مئی ۲۰۲۴ کے لیے متوقع موسمی صورتحال اور زرعی مشورے

## مختصر تعارف


پاکستان محکمہ موسمیات ہر ماہ کے آخر میں عالمی موسمیاتی ماڈلز کا استعمال کرتے ہوئے ماہانہ اور طویل مدتی موسمی پیشن گوئی جاری کرتا ہے۔ چونکہ عمومی طور پر محض ایک ماڈل اور ڈیٹاسیٹ کا نتیجہ طویل مدتی پیشین گوئی کے لیے قابل اعتماد نہیں سمجھا جاتا، اس لیے مزید اطمینان اور بہتری کے لیے مختلف اداروں کے تیار کردہ ماڈلز اور موسمی ریکارڈ کو مختلف شرائط کے ساتھ استعمال کیا جارہا ہے۔ فی الوقت تیرہ ماڈل سے اخذ کئے گئے مجموعی نتائج کو موسمی پیشین گوئیوں کے لیے اپنایا گیا ہے۔

## بارش کے لحاظ سے متوقع موسمی صوتحال (مارچ تا مئی ۲۰۲۴)


متوقع بارش (مارچ تا مئی ۲۰۲۴)





متوقع بارش کا معمول سے فرق (مارچ تا مئی ۲۰۲۴)





متوقع بارش کا معمول سے فرق (مارچ ۲۰۲۴)



متوقع بارش کا معمول سے فرق (اپریل ۲۰۲۴)



متوقع بارش کا معمول سے فرق (مئی ۲۰۲۴)



مارچ سے مئی ۲۰۲۴ کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں بالخصوص خیبر پختونخواہ, پوٹھوہار اور آزاد جموں کشمیر میں معمول کے قریب یا اس سے قدرے زیادہ بارش / برف باری متوقع ہے ۔

**PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT**

# National Agromet Center

**H-8/2, Islamabad**

Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368


## ماہانہ امکانات (بارش)

- مارچ ۲۰۲۴ کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں معمول کے قریب اور شمالی علاقوں میں قدرے زیادہ بارش / برف باری متوقع ہے ۔
- اپریل ۲۰۲۴ کے دوران ملک بھر میں معمول کے قریب بارش / برف باری ہونے کا امکان ہے۔
- مئی ۲۰۲۴ میں ملک کے زیادہ تر علاقوں میں معمول کے قریب بارشیں متوقع ہیں۔


Pitras Bukhari Road, Sector H-8/2, Post Box No. 1214, ISLAMABAD – PAKISTAN
Tel: 051-9250592, Fax: 051-9250368, Email: dirnamc@yahoo.com, URL: www.pmd.gov.pk

## درجہ حرارت کے لحاظ سے متوقع موسمی صورتحال (مارچ تا مئی ۲۰۲۴)


متوقع درجہ حرارت (مارچ تا مئی ۲۰۲۴)





متوقع درجہ حرارت کا معمول سے فرق (مارچ تا مئی ۲۰۲۴)





متوقع درجہ حرارت کا معمول سے فرق (مارچ ۲۰۲۴)




متوقع درجہ حرارت کا معمول سے فرق (اپریل ۲۰۲۴)




متوقع درجہ حرارت کا معمول سے فرق (مئی ۲۰۲۴)




مارچ سے مئی ۲۰۲۴ کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں اوسط درجہ حرارت معمول کے قریب اور شمالی علاقوں میں قدرے زیادہ رہنے کی توقع ہے ۔

## ماہانہ امکانات (درجہ حرارت)


- آئندہ تین ماہ (مارچ، اپریل اور مئی ۲۰۲۴) کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں اوسط درجہ حرارت معمول کے قریب اور شمالی علاقوں بشمول گلگت بلتستان، بالائی خیبر پختونخواہ اور کشمیر میں قدرے زیادہ رہنے کی توقع ہے ۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad

Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

# اہم زرعی علاقوں کی متوقع موسمی صورتحال(مارچ تا مئی ۲۰۲۴)

## پوٹھوہار





خطہ پوٹھوہار میں اگلے تین مہینوں بالخصوص مارچ کے دوران اچھی بارشیں اور کوہ مری میں برف باری متوقع ہیں۔اس کے علاوہ اوسط درجہ حرارت موسمی طرز پر بتدریج بڑھنے کی توقع ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad


Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## وسطی پنجاب




وسطی پنجاب میں بھی مارچ سے مئی ۲۰۲۴ کے دوران مناسب بارشیں متوقع ہیں۔ اس کے علاوہ اوسط درجہ حرارت موسمی طرز پر بتدریج بڑھنے کی توقع ہے۔

## جنوبی پنجاب





جنوبی پنجاب میں مارچ سے مئی ۲۰۲۴ کے دوران بہت کم بارشیں متوقع ہیں۔ اور اوسط درجہ حرارت موسمی طرز پر بڑھنے کا امکان ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad


Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## بالائی سندھ




بالائی سندھ میں بھی اگلے تین ماہ کے دوران نہایت کم بارشیں متوقع ہیں۔ اس کے علاوہ اوسط درجہ حرارت موسمی طرز پر بتدریج بڑھنے کی توقع ہے۔

## زیریں سندھ





زیریں سندھ میں اس مدت کے دوران انتہائی کم بارشوں کی توقع ہے۔ اور اوسط درجہ حرارت موسمی طرز پر بڑھنے کا امکان ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad


Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## بالائی خیبر پختونخواہ




بالائی خیبر پختونخواہ میں مارچ سے مئی ۲۰۲۴ کے کے دوران خاص طور پر مارچ میں اچھی بارشیں / بلند پہاڑوں پر برف باری متوقع ہیں۔اس کے علاوہ اوسط درجہ حرارت میں موسمی طرز پر بتدریج اضافے کا امکان ہے۔

## زیریں خیبر پختونخواہ





زیریں خیبر پختونخواہ میں اس مدت کے دوران مقابلتاً کم بارشوں / بلند پہاڑوں پر برف باری کی توقع ہے۔اور اوسط درجہ حرارت موسمی طرز پر بتدریج بڑھنے کی توقع ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad


Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## شمال مغربی بلوچستان




شمال مغربی بلوچستان میں اس مدت کے دوران مناسب بارشوں / بلند پہاڑوں پر برف باری کے امکانات ہیں۔ اس کے علاوہ اوسط درجہ حرارت مارچ سے موسمی طرز پر بتدریج بڑھنے کی توقع ہے۔

## وسطی بلوچستان





وسطی بلوچستان میں اس مدت کے دوران انتہائی کم بارشیں متوقع ہیں۔ اور اوسط درجہ حرارت مارچ سے موسمی طرز پر بتدریج بڑھنے کا امکان ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad


Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## گلگت بلتستان




گلگت بلتستان میں مذکورہ مدت کے دوران اچھی بارشوں / بلند پہاڑوں پر برف باری کا امکان ہے۔ اس کے علاوہ اوسط درجہ حرارت موسمی طرز پر بتدریج بڑھنے کی توقع ہے۔

## آزاد کشمیر




وادیٔ کشمیر میں بھی اس مدت کے دوران اچھی مقدار میں بارشوں / بلند پہاڑوں پر برف باری کے امکانات ہیں۔ اور اوسط درجہ حرارت مارچ سے موسمی طرز پر بتدریج اضافے کا امکان ہے۔

Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## حالیہ موسم اور اگلے تین ماہ کی پیشگوئی کی بنیاد پر کسانوں کے لیے اہم سفارشات

فی الوقت حالیہ مہینوں میں رہنے والی موسمی صورتحال کے باعث، ملک کی بیشتر زرعی زمینوں (بالخصوص بالائی نصف) میں نمی کی مناسب مقدار موجود ہے۔ اس لئے زیادہ تر حصوں میں موجود کھڑی فصلیں اور سبزیاں / باغات متناسب رفتار کے ساتھ بڑھ رہے ہیں۔ تاہم چند مقامات پر تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش / ژالہ باری اور پہاڑوں پر برفباری سے وہاں موجود فصلوں، سبزیوں اور پھلوں کو نقصان پہنچا ہے۔

اگلے تین ماہ کے دوران درجہ حرارت بتدریج بڑھنے کے علاوہ ملک کے بیشتر علاقوں (بالخصوص خیبر پختونخواہ , پوٹھوہار اورآزاد جموں کشمیر) میں معمول کے قریب یا اس سے قدرے زیادہ بارش / برف باری متوقع ہے ۔

ماہ مارچ ملک کے بیشتر حصوں میں فصل ربیع بالخصوص گندم کے حتمی مراحل کے لحاظ سے بہت اہم ہے۔ اس لئے کسان حضرات اپنی فصلوں، سبزیوں، باغات اور مویشیوں کو متوقع موسمی حالات کے نقصان دہ اثرات سے بچانے کے لیے احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔ اس کے علاوہ زیریں علاقوں کے کسان حضرات اپنی فصلوں کی کٹائی / گہائی سے پہلے موسمی پیشن گوئیوں کو ضرور ملحوظ خاطر رکھیں۔